LIFESAVING SOCIETY®
The Lifeguarding Experts

محترم والدین/سرپرست،

آپ کے بچے کی کلاس اسکول میں لائف سیونگ سوسائٹی (Lifesaving Society) کے ***Swim to Survive***® پروگرام میں شرکت کر رہی ہے۔ *Swim to Survive* غیر متوقع طور پر گہرے پانی میں گر جانے پر زندہ بچنے کے لیے درکار تین لازمی اہلیتوں کی تربیت فراہم کرتا ہے۔ آپ کا بچہ یہ سیکھے گا کہ کس طرح:

- گہرے پانی میں غوطہ لگایا جائے
- پانی میں 1 منٹ تک چلا جائے
- 50 میٹر تک تیرا جائے۔

Swim to Survive پروگرام گریڈ 3 کے طلباء کے لیے ہے۔ پروگرام کے تین حصے ہیں۔

1. پانی کے اندر تیراکی کے 3 اسباق، 3 اہلیتیں (مسلسل ترتیب میں غوطہ لگانا، چلنا اور تیرنا) سیکھنا
2. اونٹاریو کے نصاب سے جڑے کلاس روم میں پانی سے تحفظ کے 3 اسباق
3. ***Swim to Survive*** پروگرام کے بارے میں والدین کے لیے معلومات

Swim to Survive پروگرام یہ یقینی بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے کہ اونٹاریو میں گریڈ 3 کے بچے زندہ بچنے کی بنیادی اہلیتیں سیکھتے ہیں اور غیر متوقع طور پر پانی میں گر جانے پر زندہ بچ سکتے ہیں۔ تیراکی کا طریقہ سیکھنا ایک بنیادی اہلیت ہے جس سے سبھی طلباء کو فائدہ ہوگا: تاہم، ممکن ہے بہت سارے بچوں کو اسکول میں اپنے تعلیمی دن میں یا اس سے باہر تیراکی کے اسباق کا موقع نہ ملے۔ نتیجتا، یہ پروگرام سبھی لیاقتوں کو سہولت بہم پہنچانے جبکہ زندہ بچنے کی لازمی اہلیتوں کو تقویت فراہم کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

لائیو سیونگ سوسائٹی کا ماننا ہے کہ Swim to Survive پانی کے آس پاس محفوظ رہنے کے سلسلے میں ایک اہم قدم ہے۔ اگر کینیڈا کا ہر بچہ Swim to Survive اسٹینڈر پاس کر جائے تو، ہمیں یقین ہے کہ غرقابیوں کی تعداد نصف تک کم ہوجائے گی۔ اونٹاریو کی وزارت تعلیم (Ontario Ministry of Education) اس پیشقدمی کا تعاون کرتی ہےاور گریڈ 3 کے طلباء کو یہ پروگرام مہیا کرانے کے لیے اس نے لائیو سیونگ سوسائٹی کو مالی اعانت فراہم کی ہے۔

آپ کے بچے کے اسکول کو اس پروگرام کا حصہ بننے کے لیے منتخب کیا گیا تھا۔ طلباء اور ان کے استاد ایک گھنٹہ، پانی کے اندر کے تین اسباق کے لیے ایک مقامی تالاب تک سفر کریں گے۔

میں آپ کو ہمارا نیا ***YouTube* پر *Swim to Survive* ویڈیو** دیکھنے کی ترغیب دیتا ہوں۔ آپ اسے http://www.youtube.com/user/OntarioLifesaving پر تلاش کر سکتے ہیں۔ یہ ویڈیو Swim to Survive کی اہلیتیں سیکھ رہے گریڈ3 کے طلباء کی ایک تمثیلی کلاس کو دکھاتا ہے۔ یہ ویڈیو 8 زبانوں میں دستیاب ہے۔

اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہے یا زندہ بچنے سے متعلق اس تربیتی پروگرام کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ کرم بلا جھجک مجھ سے براہ راست 416-490-8844 پر رابطہ کریں یا sindyp@lifeguarding.com پر ای میل کریں۔

مخلص،

Sindy Parsons

سنڈی پارسنز(Sindy Parsons)
پبلک ایجوکیشن مینیجر

رجسٹرڈ چیریٹی نمبر 10809 7270 RR0001

400 Consumers Road
Toronto, Ontario M2J 1P8 Canada

ٹیلیفون: 416-490-8844 فیکس: 416-490-8766
ای میل: experts@lifeguarding.com
www.lifesavingsociety.com